# 08-06-2024 SATURDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکز میں نئی حکومت کی حلف برداری کیلئے تمام انتظامات تیزی سے جاری ہیں۔مختلف ممالک کے سربراہان تقریب میں شرکت کریں گے۔

۲۔سی ڈبلیوسی کے توسیعی اجلاس میں باالاتفاق آرا قرارداد منظور کرتے ہوئے راہول گاندھی پر زور دیا گیا کہ وہ لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر کے عہدہ کو قبول کریں۔

۳۔نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی این ٹی اے نے کہا ہے کہ نیٹ یوجی 2024ءشفاف طریقہ سے منعقد کیا گیا۔

اور

۴۔جنوب مغربی مانسون نے تلنگانہ کے مزید بعض حصوں میں پیش قدمی کی ہے۔وقارآباد،محبوب آباد،ونپرتی اور نارائن پیٹ اضلاع میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران بارش کا امکان ہے۔

☆☆☆

کانگریس ورکنگ کمیٹی کے توسیعی اجلاس میں قرارداد منظور کرتے ہوئے راہول گاندھی سے درخواست کی گئی کہ وہ لوک سبھا میں قائد اپوزیشن کی ذمہ داری قبول کریں۔نئی دہلی میں سی ڈبلیوسی کے اجلاس کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے سینئر کانگریسی لیڈر کے سی وینوگوپال نے کہا کہ سی ڈبلیو سی کا ماننا ہے کہ راہول گاندھی کی قیادت سے چوکس اپوزیشن بنے گی۔قبل ازیں سی ڈبلیوسی اجلاس میں اپنے افتتاحی ریمارکس میں کانگریس کے صدر ملکارجن کھرگے نے تمام نومنتخب کانگریسی ارکان کو مبارکباددی جو منفی حالت کے باوجود انتخابات میں کامیاب ہوئے۔انہوں نے کہا کہ منی پور جہاں کانگریس نے نیائے یاترا شروع کی، میں دونوں نشستوں پر کانگریس کو کامیابی حاصل ہوئی۔ناگالینڈ،آسام اور میگھالیہ میں بھی اسے کامیابی ملی۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں جمہوریت اور دستور کو بچانے کے لئے عوام سے کانگریس کو بھرپور تائید حاصل ہوئی۔کھرگے نے کہا کہ انڈیا اتحاد کی حلیف جماعتوں کے ساتھ پارٹی پارلیمنٹ کے اندر اور باہر متحد ہے۔سونیا گاندھی،راہول گاندھی اور پارٹی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی کے علاوہ پارٹی کے دیگر قائدین اجلاس میں موجود تھے۔

☆☆☆

مرکز میں نئی حکومت کی حلف برداری کے لئے تیاریاں تیزی کے ساتھ جاری ہیں۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے نامزد وزیراعظم مودی کو نئی حکومت کی تشکیل کے لئے مدعو کیا۔حلف برداری کی تقریب کل شام سات بجکر پندرہ منٹ پر راشٹراپتی بھون میں منعقد کی جائے گی۔صدر جمہوریہ،مودی کے علاوہ مجلس وزراٗ کو عہدے اور رازداری کا حلف دلائیں گے۔مودی نے گزشتہ روز مرمو سے ملاقات کرتے ہوئے نئی حکومت کی تشکیل کا دعویٰ کیا تھا۔قبل ازیں بی جے پی صدر جے پی نڈا کی قیادت میں این ڈی اے کے ایک وفد نے صدر جمہوریہ سے ملاقات کرتے ہوئے مکتوب روانہ کیا تھا،جس میں کہا گیا تھا کہ بی جے پی پارلیمانی پارٹی کے لیڈر کے طور پر مودی کو منتخب کیا گیا ہے۔این ڈی اے کی حلیف جماعتوں کی تائید کے مکتوبات بھی صدر جمہوریہ کے حوالہ کئے گئے تھے۔اسی دوران حلف برداری کی تقریب کے لئے مختلف قائدین کی نئی دہلی آمد کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔وزارتِ خارجہ نے کہا کہ سری لنکا کے صدر وکرماسنگھے،مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معز،نائب صدر سیشلس احمد عفیف،وزیراعظم بنگلہ دیش شیخ حسینہ،وزیراعظم مراقش پروِیند کمار،وزیراعظم نیپال پشپا کمل پرچندا،وزیراعظم بھوٹان بھی اس تقریب میں شرکت کریں گے۔

☆☆☆

میڈیا کی اہم اورافسانوی شخصیت راموجی راو کی آخری رسومات کل عبداللہ پورمیٹ کے قریب راموجی فلم سٹی میں تمام سرکاری اعزازات کے ساتھ انجام دی جائے گی۔ 87 سالہ راموجی راو بانی راموجی فلم سٹی وای ٹی وی نٹ ورک کے سربراہ کی شہر کے ایک ہاسپٹل میں علاج کے دوران موت ہوگئی تھی۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہداہت دی ہے کہ سرکاری اعزازات کے ساتھ ان کی آخری رسومات انجام دی جائے۔ آندھراپردیش کے نامزد وزیراعلیٰ این چندرابابو نائیڈو ان کوخراج پیش کرنے کے لئے دہلی سے حیدرآباد پہنچے۔راموجی راو کی موت پر بطوراحترام تلگوفلم چیمبرس نے سوگ کا اعلان کیا ہے اورکل تمام تلگوفلموں کی شوٹنگس منسوخ رہیں گی۔

☆☆☆

جنوب مغربی مانسون نے تلنگانہ کے مزید بعض حصوں میں پیش قدمی کی ہے۔محکمہ موسمیات نے اپنی یومیہ رپورٹ میں کہا کہ تلنگانہ کے بقیہ حصوں میں آئندہ دوتا تین دنوں کے دوران جنوب مغربی مانسون کی پیش قدمی کیلئے حالات سازگار ہیں۔اس کے زیراثر آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران وقارآباد،محبوب آباد، ونپرتی اورنارائن پیٹ اضلاع میں کہیں کہیں بارش کاامکان ہے۔آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران ریاست کے بعض مقامات پر گرج وچمک اورطوفانی ہواوں کے ساتھ بارش کاامکان ہے۔گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ونپرتی ضلع کے بعض مقامات پرشدید بارش ہوئی۔

☆☆☆

ایودھیا اور کاشی کے لئے بھارت گورو پنیہ شیتر یاترا ٹرین نے اپنا سفرآج سکندرآباد ریلوے اسٹیشن سے کیا۔اِس سیاحتی ٹرین کا آغاز ہندوستانی ریلویز کی جانب سے کیا گیا تھا تاکہ ہندوستان کے عظیم ثقافتی ورثہ کے حامل اورشاندارتاریخی مقامات کودکھایا جاسکے۔مسافرین میں یہ ٹرین کافی مشہور ہوئی ہے۔ساوتھ سنٹرل ریلوے نے اپنی ریلیز میں کہا کہ 19 ویں بھارت گوروٹرین نے معمرشہریوں کے ساتھ اپنے سفر کا آغاز کیا ہے۔ اس ٹرین میں صدفیصد نشستیں پُر ہیں۔

☆☆☆

نامپلی کے نمائش میدان پرسالانہ مچھلی میں دوا میں تقسیم کا آغاز کیا گیا۔ یہ دواسمجھا جاتا ہے کہ دمہ کے مریضوں کے لئے فائدے مند ثابت ہوتی ہے۔آج صبح اس کااسپیکر جی پرسادکمار نے آغاز کیا۔24 گھنٹے تک مچھلی میں دوا کی تقسیم کا سلسلہ جاری رہے گا۔کل 10 بجے دن تک یہ دوادمہ کے مریضوں کومفت کھلائی جائے گی۔ 2023ء میں دولاکھ افراد کو یہ دوا کھلائی گئی تھی۔ تاہم اس مرتبہ آرگنائزرس کوتوقع ہے کہ زیادہ تعداد میں مریضوں کو یہ دوا کھلائی جائے گی۔

☆☆☆

تلنگانہ کی حکمراں جماعت کانگریس نے ورنگل۔کھمم۔ نلگنڈہ گریجویٹس حلقہ کی ایم ایل سی نشست کے ضمنی انتخاب میں کامیابی حاصل کی ہے۔سی نوین عرف تین مارملنا نے اپنے قریبی حریف بی آرایس کے راکیش ریڈی کوشکست دی۔ ملنا کوکل شب کامیاب قراردیا گیا۔ وہ دوسرے ترجیحی ووٹ میں 14 ہزارووٹوں سے آگے تھے۔ریٹرننگ آفیسر ہری چندنا نے ملنا کوسرٹیفکیٹ پیش کیا۔

☆☆☆

نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی این ٹی اے نے کہا ہے کہ نیٹ یو جی 2024ء شفاف طریقہ سے منعقد کیا گیا۔ یہ امتحان 5 مئی کو منعقد کیا گیا تھا۔ اس کے نتائج اس ماہ کی 4 تاریخ کو جاری کئے گئے تھے۔ امیدواروں کی جانب سے اس سلسلہ میں اٹھائے گئے مسائل پر نئی دہلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے ڈائرکٹر جنرل این ٹی اے سبودھ کمار نے کہا کہ کوئی پیپر لیک نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ نیٹ امتحان سے متعلق مسئلہ 6 مراکز اور 1600 امیدواروں سے متعلق ہے، جو غلط پرچہ سوالات کی تقسیم کی وجہ سے وقت سے محروم رہے۔

☆☆☆

محکمہ آبپاشی نے سنگاریڈی کے سنگور کنال کے سی سی لائننگ کاموں کے آغاز کے لئے 168.30 کروڑ روپے کی رقم منظور کی ہے۔ ہمہ مقصدی پراجکٹ میں پلکال، اندول، مونی پلی، چوٹاپور اور سداسیو پیٹ منڈلوں کی 40 ہزار ایکڑ اراضی کا حامل ہے۔ وزیر صحت داموددھر راج نرسمہا، سکریٹری آبپاشی راہول بوجا نے گرانٹ جاری کی۔ ان کاموں سے پانی کے آسانی سے بہاو میں مدد ملے گی اور پانی کو ضائع ہونے سے بچایا جاسکے گا۔

☆☆☆

اسی دوران نامپلی میں مچھلی میں دوا کی تقسیم کے دوران قطار میں ٹھہرے ایک شخص کی موت ہوگئی۔ یہ واقعہ اُس وقت پیش آیا جب یہ شخص ہجوم کے درمیان گر پڑا۔ اس شخص کی شناخت نہیں ہو پائی ہے۔ اس کو علاج کے لئے اسپتال منتقل کیا گیا تاہم علاج کے دوران اس کی موت ہوگئی۔ پولیس نے کہا کہ مہلوک شخص نظام آباد کا رہنے والا ہے۔